اودھ نامہ

# یہ تصویر کب بدلے گی

گزشتہ 10 اگست کی رات، مہاراشٹرا میں دھنورا تحصیل کے جیت لائی آشرم اسکول میں فرش پر سورہی 6 طالبات کو زہریلے سانپ نے کاٹ لیا، جن میں 3 کی موت ہوگئی۔ باقی 3 میں 14 سالہ سمردھی کی حالت اب بھی سنگین ہے۔ اسے ناگپور کے اسپتال ریفر کیا گیا ہے۔ مہاراشٹر حکومت نے بڑی سرعت کے ساتھ کارروائی کرتے ہوئے فوری طور سے اسکول کا لائسنس منسوخ کردیا اور تقریباً 500 سرکاری امداد یافتہ قبائلی رہائشی اسکولوں کے آڈٹ کا حکم دیا۔ رپورٹ کے مطابق حکام نے بعد میں انکشاف کیا کہ مہاراشٹر کے سرکاری یا امداد یافتہ 'آشرم شالاؤں' میں 2 سالوں کے دوران 584 طلبا کی موت ہوئی ہے، جن کی وجوہات میں بیماری اور حادثات سے لے کر سانپ کا کاٹنا اور خودکشی تک شامل ہیں۔ حالانکہ مہاراشٹر میں قبائلی طلبا کے لیے فلاحی اسکیموں کی کمی نہیں ہے۔ سرکاری محکمے ہیں، پورٹل ہیں، فلاحی اسکیمیں ہیں اور اس کے لیے ذمہ دار افسران بھی ہیں۔ اصل مسئلہ سیاسی عزم اور ان اسکیموں کو زمین پر نافذ کرنے کی نیت کے فقدان کا ہے۔ لیکن جب کچھ ہو جاتا ہے تب سرکاری محکمے لکیر پیٹنا شروع کرتے ہیں اور جدھر نظر پڑتی ہے اسی کے خلاف کارروائی کردی جاتی ہے اور پھر دھیرے دھیرے سب کچھ اپنی حالت پر واپس آجاتا ہے۔ لیکن احتجاج کے اس دور میں ایسا لگتا ہے کہ ریاست کے قبائلی طلبا نے بھی مان لیا ہے کہ اب پانی سر سے اوپر نکل چکا ہے۔

گزشتہ دنوں دہلی میں ہوئی طلبا تحریک سے ممکنہ طور پر تحریک لے کر مشتعل قبائلی طلبا بھی سڑکوں پر اتر آئے۔ حسب معمول سرکار نے اپنی آنکھوں میں پٹی باندھ لی اور کانوں میں روئیاں ٹھونس لیں۔ 17 دنوں تک طلبا پونے کے مانجری میں بھوک ہڑتال پر بیٹھے رہے۔ آہستہ آہستہ ناگپور، ناسک اور مہاراشٹر کے دیگر حصوں کے طلبا بھی اپنے اپنے شہروں میں اس تحریک سے جڑ گئے۔ احتجاج کا دائرہ بڑھتا گیا اور آوازیں تیز ہوتی گئیں۔ آخرکار 29 اگست کو مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے ان کے تمام مطالبات تسلیم کر لیے اور تحریری یقین دہانی کرائی کہ وہ 3 ماہ کے اندر وعدوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیں گے۔ طلبا نے اس انتباہ کے ساتھ اپنی ہڑتال فی الحال واپس لے لی ہے کہ اگر حکومت نے وعدہ پورا نہیں کیا تو وہ دوبارہ احتجاج شروع کردیں گے۔

تمام سرکاری قوانین اور احکامات کو لے کر گزشتہ کچھ برسوں سے قبائلی طلبہ کا عدم اطمینان مسلسل بڑھ رہا تھا، جو اجتماعی طور پر قبائلی تعلیم کے تئیں حکومت کے پورے رویے کی قلعی کھولتے ہیں۔ حال ہی میں فڑنویس حکومت کی جانب سے قبائلی ہاسٹلوں کے لیے نافذ کیے گئے نئے قوانین کو ہی لے لیں۔ 5 اگست کو ہاسٹل کی سہولت حاصل کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 26 سال مقرر کی گئی، لیکن احتجاج کے بعد اسے پہلے 39 سال کیا گیا اور پھر 25 اگست کو عمر کی حد ہی ختم کردی گئی۔ طلبا نے سوال اٹھایا کہ 26، 28 یا 39 سال کی عمر میں اعلیٰ تعلیم حاصل کررہا قبائلی طالب علم آخر ہاسٹل کے لیے کیوں نااہل ہونا چاہیے۔ غربت، اسکول کی دوری، خراب اسکولی تعلیم، خاندانی ذمہ داریاں اور پڑھائی میں آنے والی رکاوٹیں کسی طالب علم کے کالج کے سالوں کو روایتی عمر سے کافی آگے دھکیل دیتی ہیں۔ کسی دور دراز گاؤں کے قبائلی طالب علم کے لیے کالج میں داخلہ مل جانا ہی پابندیوں سے آزاد ہونے کے لیے کافی نہیں ہے۔ ریاست کو ان طلبا کے لیے کھانے، کتابوں، دواؤں اور رہنے و پڑھنے کی جگہ جیسی بنیادی ضروریات میں مدد دے کر کالج میں ان کا قائم رہنا ممکن بنانا ہوگا۔ کسی دور دراز قبائلی گاؤں کے طالب علم کے لیے ہاسٹل کی سہولت نہ ملنے کا سیدھا مطلب اعلیٰ تعلیم کے خوابوں کا ٹوٹ جانا ہے۔ عمر کی ان پابندیوں کے علاوہ، فڑنویس حکومت نے ہر قسم کے احتجاجی مظاہروں پر بھی پابندیاں عائد کردی تھیں اور 'آدیواسی حقوق بچاؤ کرتی کمیٹی' کے مطابق حکومت ریاست کے تمام قبائلی ہاسٹلوں کا انتظام بی جے پی/آر ایس ایس کے قریبی لوگوں کے ذریعے چلائے جانے والے ایک پبلک چیریٹیبل ٹرسٹ کو آؤٹ سورس کرنے کا ارادہ رکھتی تھی۔

قبائلی طلبا نے بار بار ڈی بی ٹی ادائیگیوں اور اسکالرشپ میں تاخیر کی شکایت کی۔ کبھی کبھی یہ تاخیر 2 سال تک بھی کھنچ جاتی تھی۔ کچھ طلبا کو قرض لینا پڑا یا ہاسٹل چھوڑنا پڑا، کیونکہ وہ کھانے اور روزمرہ کے اخراجات اٹھانے سے قاصر تھے۔ طلبا کے شدید غصے کے بعد اب ریاستی حکومت نے یقین دلایا ہے کہ ڈی بی ٹی نظام ختم کیا جائے گا اور ان ہاسٹلوں میں مقامی کچن دوبارہ شروع کیے جائیں گے۔ گزشتہ دنوں پونے میں کانگریس پارٹی کے 'چھاتروں کی گونج' پروگرام میں ایک قبائلی طالبہ نے بتایا کہ مہاراشٹر کے قبائلی ہاسٹلوں میں چھٹیوں سے واپس آنے والی طالبات کا زبردستی حمل کا ٹیسٹ کرایا جا رہا تھا۔ مقامی قبائلی ترقیاتی افسران نے بتایا ہے کہ انہوں نے ایسا کوئی حکم جاری نہیں کیا ہے۔ لیکن 23 ستمبر 2025 کو مہاراشٹر ریاستی خواتین کمیشن کی جانب سے پونے کے واکڑ واقع قبائلی طالبات کے ہاسٹل کے اچانک معائنے کے اگلے ہی دن پونے کے سول سرجن نے میڈیا کو بتایا کہ چھٹیوں سے واپس آنے والی لڑکیوں کے حمل کے ٹیسٹ کے لیے طبی عملے کو زبانی ہدایات دی گئی تھیں۔ تاحال یہ معلوم نہیں ہوسکا ہے کہ یہ زبانی ہدایات کس نے دی تھیں۔ احتجاج کرنے والے قبائلی طلبا نے درج فہرست قبائل (ایس ٹی) امیدواروں کے لیے محفوظ ہزاروں خالی عہدوں کو بھرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ ریاست میں ایسے تقریباً 12,500 عہدے خالی پڑے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ ملک کی آزادی کو ایک طویل عرصہ گزر جانے کے بعد بھی جمہوریت میں عوام کو احتجاج کے لیے سڑکوں اور پارکوں میں کیوں اترنا پڑتا ہے۔ اور جب عوام نکل ہی آتے ہیں تو پہلے انھیں نظر انداز کیوں کیا جاتا ہے۔ حکومت خواہ کسی کی بھی ہو وہ عوام کے حقوق ادا کرنے سے کیوں آنکھیں چراتی ہے۔ یہی عوام حکومتوں کو اپنے ووٹ دے کر منتخب کرتے ہیں اور عوام ہر بار خود کو ٹھگا محسوس کرتے ہیں۔ یہ تصویر کب بدلے گی۔

# ذات، صنف اور مذہب کی بنیاد پر تشدد کیوں؟

ڈاکٹر مظفر حسین غزالی



بھارت کا آئین ہر شہری کو مساوات، آزادی، عزتِ نفس اور قانون کے یکساں تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔ آئین کی نظر میں نہ کوئی اونچی ذات ہے نہ نیچی، نہ مرد کو عورت پر فطری برتری حاصل ہے اور نہ مذہب کسی شہری کے بنیادی حقوق کا معیار بن سکتا ہے۔ اس کے باوجود ہندوستانی معاشرے میں ذات، صنف اور مذہب کی بنیاد پر تشدد آج بھی ایک سنگین حقیقت ہے۔ سوال یہ ہے کہ آئینی مساوات کے باوجود سماجی زندگی میں یہ عدم مساوات کیوں برقرار ہے؟

قومی جرائم ریکارڈ بیورو NCRB اور انسانی حقوق کمیشن NHRC کی رپورٹیں ذات، صنف اور مذہب کی بنیاد پر جرائم کی ایک ایسی تصویر پیش کرتی ہیں جو تشویش میں مبتلا کرتی ہے۔ بھارتیہ سماج میں ذات صرف شناخت نہیں ہے بلکہ یہ سماجی مرتبے، پیشے، رہائش، شادی، وسائل اور طاقت کے تعین کا ذریعہ ہے۔ آئین نے چھوت چھات ختم کی، مساوات کی ضمانت دی اور دلتوں کے تحفظ کے لیے خصوصی قوانین بنائے، لیکن سماج کی ذہنیت تبدیلی قانونی حکم سے ممکن نہیں۔ دلتوں کے خلاف تشدد کے واقعات میں اکثر زمین، پانی، روزگار، سماجی برابری، بین ذات شادی، سیاسی خود اختیاری یا محض "روایتی حدود" عبور کرنے جیسے عوامل سامنے آتے ہیں۔ یعنی جرم صرف اس وقت نہیں ہوتا جب کوئی دلت قانون توڑتا ہے، بعض اوقات اس وقت بھی تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے جب وہ اپنے قانونی اور آئینی حقوق استعمال کرنا چاہتا ہے۔ قومی جرائم ریکارڈ بیورو کے اعداد اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ 2023 میں درج فہرست ذاتوں کے خلاف 57,789 جرائم درج ہوئے، جبکہ 2022 میں یہ تعداد 57,582 تھی۔ اترپردیش میں سب سے زیادہ 15130 مقدمات درج ہوئے اس کے بعد راجستھان میں 8449 اور مدھیہ پردیش میں 8232 مقدمات درج ہوئے۔ این سی آر بی کے مطابق درج فہرست ذاتوں کی آبادی کے ہر ایک لاکھ افراد پر جرائم کی شرح 28.7 رہی۔ 2019-2023 کے دوران درج فہرست ذاتوں کے خلاف جرائم میں 25.8 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ یہ محض ایک اعداد نہیں، ان کے پیچھے مارپیٹ، دھمکی، توہین، جنسی تشدد، قتل اور ذات کی بنیاد پر دوسرے مظالم کے واقعات موجود ہیں۔

خواتین کے خلاف جرائم کا مسئلہ اس سے بھی زیادہ پیچیدہ ہے، کیونکہ اس کا بڑا حصہ ایسے ماحول میں جنم لیتا ہے جسے معاشرہ "نجی" سمجھتا ہے۔ شوہر یا سسرال کا ظلم، جہیز، جنسی تشدد، عصمت دری، تعاقب، سائبر ہراسانی، اغوا اور کام کی جگہ پر جنسی استحصال یہ سب عورت کے خلاف طاقت کے استعمال کی مختلف شکلیں ہیں۔ قومی جرائم ریکارڈ بیورو کے مطابق 2023 میں خواتین کے خلاف 4,48,211 جرائم درج ہوئے۔ جبکہ 2022 میں یہ تعداد 4,45,256 تھی۔ 2024 میں گھٹ کر 4,41,534 ہوگئی، یعنی تقریباً ڈیڑھ فیصد کی کمی آئی۔ بظاہر یہ کمی اطمینان بخش معلوم ہوتی ہے، لیکن چار لاکھ سے زیادہ مقدمات کا سالانہ اندراج ہمیں یہ بتانے کے لیے کافی ہے کہ خواتین کی سلامتی کا مسئلہ معمولی نہیں۔

خواتین کے خلاف تشدد کی بنیادی وجہ محض مجرمانہ ذہنیت نہیں بلکہ پدرانہ سماجی ڈھانچہ بھی ہے۔ عورت کو خاندان کی عزت، مرد کی ملکیت یا گھر کی ذمہ داری سمجھنے والی سوچ اس کی آزادی اور خود مختاری کو محدود کرتی ہے۔ جہاں مرد کو فیصلہ کرنے والا اور عورت کو تابع سمجھنے کی تربیت دی جائے، وہاں عورت کی خود مختاری، تعلیم، ملازمت، شادی، لباس، نقل و حرکت اور جائیداد جیسے معاملات بھی تنازع کا سبب بن سکتے ہیں۔ سب سے افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ عورت کے خلاف تشدد کسی اجنبی کی طرف سے نہیں بلکہ کسی قریبی یا خاندان کے شخص کی طرف سے ہوتا ہے۔ کئی مرتبہ اسے خاندان کی "اندرونی بات" کہہ کر نظر انداز کردیا جاتا ہے۔ یوں متاثرہ عورت کو انصاف حاصل کرنے کے لیے اپنوں سے ہی مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔ اسی لیے قومی جرائم ریکارڈ بیورو نے خواتین کے حقوق کے سلسلے میں One Stop Centers، قانونی امداد، مشاورت، محفوظ پناہ گاہوں اور ادارہ جاتی حساسیت کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ لیکن محض ادارے قائم کردینا کافی نہیں ہوگا، عورت کو یہ اعتماد ہونا چاہئے کہ اگر وہ ظلم کے خلاف کھڑی ہوگی تو خاندان، پولیس، معاشرہ اور عدالت اس کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔

مذہب کی بنیاد پر تشدد کا مسئلہ اعداد و شمار کے اعتبار سے سب سے زیادہ پیچیدہ ہے۔ قومی جرائم ریکارڈ بیورو مذہب کی بنیاد پر جرائم کے اعداد تو جاری نہیں کرتا لیکن فرقہ وارانہ، مذہبی فسادات یا تشدد کا ریکارڈ رکھتا ہے۔ دستیاب سرکاری اعداد کے مطابق 2020 میں ایسے واقعات میں غیر معمولی اضافہ ہوا تھا۔ اس کے بعد 2021 اور 2022 میں نمایاں کمی آئی۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ نہیں کیا جاسکتا کہ مذہبی منافرت ختم ہوگئی۔ فرقہ وارانہ نوعیت کے تشدد میں کمی سے مسئلہ کی سنگینی ختم نہیں ہوتی۔ کسی شخص کو مذہب کی وجہ سے دھمکانا، عبادت گاہ کو نقصان پہنچانا، مذہبی شناخت کی بنیاد پر سماجی یا معاشی بائیکاٹ، نفرت انگیز مہم چلانا یا سوشل میڈیا پر کسی برادری کو مجرم قرار دینا یا افواہ کی بنیاد پر ہجوم کو مشتعل کرنا، یہ سب وسیع تر معنوں میں مذہبی تعصب کے مظاہر ہیں۔

ذات اور مذہب کی بنیاد پر تشدد کی سب سے خطرناک شکل ہجومی تشدد ہے۔ ہجوم جب کسی فرد کو عدالت کے فیصلے کے بغیر مجرم قرار دے کر سزا دینے لگے تو یہ صرف ایک قتل یا حملہ نہیں رہتا بلکہ ریاست کے قانونی اختیار کے لیے چیلنج بن جاتا ہے۔ ہجومی تشدد کے بارے میں مستند سرکاری اعداد و شمار دستیاب نہیں۔ لیکن مختلف اداروں کی رپورٹس موجود ہیں ان میں اختلاف کا ہونا فطری ہے۔ سٹیزن فار جسٹس اینڈ پیس کے مطابق 2014 سے جولائی 2018 تک ہجومی تشدد کے 109 معاملے درج ہوئے۔ ان میں 174 زخمی اور 78 کی موت ہوئی، مرنے والوں میں سب سے زیادہ 32 مسلمان تھے جبکہ 17 کی ذات یا مذہب معلوم نہیں ہوسکا۔ ویژن اے آئی اے ایس نے 2014 سے اب تک 180 معاملے درج ہونے کی بات کہی ہے۔ وہیں سی ایس ایس ایس نے 2014 سے 2025 تک ہجومی تشدد میں 90 مسلمانوں کے مارے جانے کا انکشاف کیا ہے۔

ہجوم اکثر افواہ، مذہبی تعصب، ذات پات، گائے، چوری، بچوں کے اغوا، داڑھی ٹوپی یا کسی اور الزام کے نام پر قانون ہاتھ میں لیتا ہے۔ سوشل میڈیا افواہ کو تیزی سے پھیلا کر بھیڑ کو اکٹھا کردیتا ہے جسے حکومت کو روکنا چاہیے۔

بظاہر ذات، صنف اور مذہب کے مسائل الگ الگ ہیں، لیکن ان کی جڑ میں ایک مشترک عنصر ہے طاقت کا عدم توازن۔ ذات پات میں طاقت ور ذات کمزور ذات کو محکوم رکھنا چاہتی ہے۔ صنفی تشدد میں مردانہ بالادستی عورت کی خود مختاری کو محدود کرتی ہے۔ مذہبی تشدد میں اکثریتی یا طاقت ور گروہ کی اجتماعی شناخت اقلیت کو "دوسرا" بنا سکتی ہے۔ یعنی تشدد اس وقت جنم لیتا ہے جب شناخت انسانی وجود سے بڑی ہوجاتی ہے اور کسی شخص کو اس کی ذات، مذہب یا جنس کے ذریعے پرکھا جانے لگتا ہے۔ تشدد کے پس منظر میں معاشی عدم مساوات ہے۔ جس شخص کے پاس زمین، روزگار، تعلیم، سیاسی رسائی اور قانونی مدد کم ہو، وہ تشدد کے خلاف مزاحمت میں زیادہ کمزور ہوتا ہے۔

NHRC کی 2023-24 رپورٹ بھی محروم طبقات کے مسائل کو سماجی اور معاشی حالات سے جوڑتی ہے۔ اس لیے دلتوں، اقلیتوں اور خواتین کے خلاف تشدد کا مقابلہ صرف پولیس کارروائی سے نہیں کیا جاسکتا، اس کے لیے تعلیم، روزگار، زمین، رہائش، سماجی تحفظ اور قانونی امداد تک مساوی رسائی بھی ضروری ہے۔

ذات، صنف اور مذہب پر مبنی تشدد کی ایک وجہ وہ سیاسی اور سماجی ماحول بھی ہے جس میں شناخت کو انسانیت پر ترجیح دی جاتی ہے۔ جب انتخابی یا سیاسی فائدے کے لیے کسی طبقہ کے خلاف فرقہ وارانہ زہر پھیلایا جاتا ہے۔ تو یہ فوراً تشدد میں تبدیل نہیں ہوتا، لیکن اس سے ایسا ماحول پیدا ہوتا ہے جس میں تشدد معمول یا قابلِ جواز محسوس ہونے لگتا ہے۔ اسی لیے آزادیٔ اظہار اور نفرت انگیز اشتعال کے درمیان قانونی و اخلاقی فرق کو سمجھنا ضروری ہے۔ جمہوریت میں حکومت پر تنقید، مذہبی یا سیاسی اختلاف اور سخت سیاسی گفتگو کی گنجائش ہونی چاہیے؛ لیکن کسی پورے سماج کو انسانیت سے محروم قرار دینا یا اس کے خلاف تشدد کو جائز ٹھہرانا جمہوری آزادی نہیں۔

سوال ہے کہ یہ مسئلہ حل کیسے ہوگا، میرا خیال ہے کہ موجودہ قوانین کا غیر جانب دارانہ اور تیز رفتار نفاذ ضروری ہے۔ ذات، صنف یا مذہب سے قطع نظر مجرم کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ پولیس، انتظامیہ، عدالتوں اور انسانی حقوق کے اداروں کو سیاسی اور سماجی دباؤ سے آزاد ہو کر کام کرنا ہوگا۔ متاثرین کے لیے قانونی امداد اور گواہوں کے تحفظ کا مؤثر نظام ہونا چاہیے۔ ساتھ ہی اسکولوں، یونیورسٹیوں، میڈیا اور مذہبی و سماجی اداروں کو مساوات، آئینی اقدار اور انسانی وقار کو فروغ دینا ہوگا۔ ذات اور مذہب کی بنیاد پر نفرت کو معمول بننے سے روکنا ہوگا اور لڑکیوں کی تعلیم و خود مختاری کو حقیقی ترجیح دینی ہوگی۔ بھارت کی اصل ترقی تبھی ممکن ہے جب کسی دلت کو اپنی ذات چھپانے کی ضرورت نہ ہو، کسی مسلمان کو اپنی مذہبی شناخت کی وجہ سے خوف نہ ہو اور کسی عورت کو اپنے وجود، لباس، تعلیم یا آزادی کے لیے اجازت نہ مانگنی پڑے۔ یہی آئینی مساوات کا حقیقی مفہوم اور انسانی حقوق کا بنیادی تقاضا ہے۔

9810371907

# مودی سرکار میں ایف آئی آر کی تکرار

ڈاکٹر سلیم خان



مودی سرکار نے تاریخ کی کتابوں سے مغلیہ دور کو اس لیے نکال دیا کیونکہ اس ہندوستان سونے کی چڑیا کہلاتا تھا اور دنیا کی جی ڈی پی میں ملک کی پچیس فیصد حصہ داری تھی۔ ہندوتوا نواز فرقہ پرستوں کو مسلمان دشمنی کے سبب اس دور سے حسد کا شکار ہیں۔ اس لیے مسلم حکمرانوں کی کردارکشی کی جاتی ہے یا چھپایا جاتا ہے لیکن آر ایس ایس کے مخالفین مودی یگ کا چرچا کریں گے تاکہ ان کے مظالم اور حماقتیں منظرِ عام پر آسکیں۔ سہارنپور کوتوالی میں مسجد کی شہادت یا ہلدوانی کے اندر ملکارجن کھڑگے کی ریلی کے بعد ہونے والے 'شدھی کرن' معاملے میں نینی تال پولیس کا پہلی ایف آئی آر درج کرنے میں ایک ماہ کی تاخیر کو یاد رکھا جائے۔ 8/ اگست (2026) کو ہلدوانی کے رام لیلا میدان میں کھڑگے کی ریلی کے دو روز بعد 10/ اگست کو وہاں 'شدھی کرن' کے لیے یگیہ کرکے گنگا جل کا چھڑکا گیا۔ اس حماقت نے کانگریس کو بی جے پی پر یہ الزام لگانے کا موقع دے دیا کہ بی جے پی درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل سے تعلق رکھنے والے افراد کو کمتر سمجھ کر ان کی توہین کرتی ہے۔ پارٹی نے اسے آئین میں مساوات اور انسدادِ چھوت چھات کی ضمانت کے منافی قرار دے کر سڑک سے ایوان پارلیمان تک ہنگامہ کھڑا کردیا۔

بی جے پی والے اس تنازع کو نہ صرف آسانی سے رفع دفع کرسکتے تھے بلکہ اس کے ذریعہ دلتوں کو قریب کیا جاسکتا تھا مگر انہوں نے تو اپنے ہی پیر پر کلہاڑی ماری۔ مانسون پارلیمانی اجلاس کے دوران یہ سانحہ رونما ہوا اس لیے ایوانِ بالا میں حزب اختلاف کے رہنما نے اسے اٹھایا۔ بی جے پی کا دفاع کرتے ہوئے سابق صدر جے پی نڈا نے اس واقعہ کی مذمت کرکے کہا کہ بی جے پی چھوت چھات کے خلاف ہے۔ اس معاملے کی تفتیش کرکے قصوروار کو سزا دی جائے گی۔ اس کے بعد اگر کچھ لوگوں کو گرفتار کرکے جیل بھیج دیا جاتا تو بی جے پی اتراکھنڈ کے سترہ فیصد لوگوں کو یہ پیغام دے کر ان کا دل جیت سکتی تھی کہ وہ چھوا چھوت کرنے والوں کے ساتھ سختی سے نمٹتی ہے۔ اس طرح کانگریس کو اس کا سیاسی فائدہ اٹھانے سے روکا بھی جاسکتا تھا مگر پھر ان کا دماغ الٹ گیا اور صوبائی بی جے پی صدر مہندر بھٹ نے اسے کو جائز قرار دے کر کانگریس کو ایک ہنٹر پکڑا دیا اور اس نے بی جے پی کی پٹائی شروع کردی۔ مہندر بھٹ نے 'شدھی کرن' کے شرمناک واقعہ کو صحیح ٹھہرا کر اپنی پارٹی کی دلت مخالف ذہنیت کو ظاہر کیا۔ انہوں نے ایک ویڈیو میں ملکارجن کھڑگے کی تقریر والی جگہ پر 'شدھی کرن پوجا' کو یہ کہتے ہوئے درست ٹھہراتے نظر آئے کہ وہاں پر جو نعرے لگائے گئے، وہ مناسب نہیں تھے۔

یہ سنگھ پریوار کے دوغلا پن ہے کہ سرسنگھ چالک دنیا بھر میں مساوات کا پروچن دیتے ہیں مگر عدم برداشت کا یہ عالم ہے کہ ملک کے اندر اپنے ناقدین کی تضحیک سے گریز نہیں کرتے۔ وہ خود تو سارے مخالفین پر جی بھر کے تنقید کرتے ہیں مگر جب خود ان کے خلاف کوئی نعرہ لگتا ہے تو سب کچھ ناپاک ہوجاتا ہے اور اسے ہوون کرکے گنگا جل چھڑک کر پوتر کرنا پڑتا ہے۔ ان کی اونچ نیچ والی ذہنیت اس وقت بہت زیادہ توہین محسوس کرتی ہے جب دلت سماج کا کوئی فرد ان لوگوں سے سخت سوال پوچھتا ہے۔ مہندر بھٹ کے بعد وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی میدان میں آئے اور انہوں نے اعلان کردیا کہ شدھی کرن کرنے والے شری رام سینا سیوا نیاس کے لوگوں کا بی جے پی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہ بولے چونکہ دلت بھی اس رسم شامل تھے اس لیے ذات پات کی تفریق کا معاملہ بھی نہیں تھا بلکہ وہ تو صرف صفائی کا کام تھا۔ پشکر سنگھ دھامی کے جھوٹے دعویٰ کو اگر سچ مان کہ وہاں کچرے اور شراب کی خالی بوتلوں صفائی کے لیے یہ کیا گیا تو انہیں یہ بتانا پڑے گا کہ کانوڑ یاترا کے تقریباً پانچ کروڑ لوگوں نے ہری دوار کی مقدس دیو بھومی آٹھ ہزار ٹن کوڑا چھوڑا۔ ان پیشاب سے بھری ہوئی بوتلیں بھی تھیں۔ دس ہزار مزدوروں کو بلا کر ان کی سرکار نے صفائی تو کتائی مگر دیو بھومی کو پاک کرنے کے لیے کوئی پوجا پاٹ یا ہوون وغیرہ کیوں نہیں کیا گیا؟ اس لیے ہلدوانی کے رام لیلا میدان میں اس کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

رام لیلا میدان کی شدھی کرن پوجا میں شامل لوگوں سے بی جے پی نے تو تعلق توڑ دیا مگر اس کے رہنماؤں کی ان کے ساتھ تصاویر نے اس جھوٹ کو بھی بے نقاب کردیا۔ امیت کمار کے اپنے والمیکی سماج نے ہاتھ اٹھا کر کہہ دیا کہ وہ تو بی جے پی کا کارکن ہے اس لیے اس کا والمیکی سماج سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ بی جے پی کے ساتھ ان کے گہرے تعلق کی بلی اس وقت تھیلے سے باہر آگئی جب امیت کمار کے ذریعہ راہل گاندھی پر الٹا مقدمہ درج کروایا گیا اور پلک جھپکتے پولیس نے ایف آئی آر درج کرلی۔ وہ اگر بی جے پی کے حامی نہیں ہوتا اور ایف آئی آر حزب اختلاف رہنما راہل گاندھی کے خلاف نہ ہوتی تو کیا مجال ہے کہ مسکراتے ہوئے یہ شکایت درج ہوجاتی؟ جے پی نڈا کی یقین دہانی کے باوجود جب اس معاملے میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی تو راہل گاندھی نے دہلی کے اندر ایک پریس کانفرنس میں یہ مسئلہ اٹھایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ یہ محض اتفاق نہیں بلکہ بی جے پی-آر ایس ایس کی "دلت مخالف اور آئین مخالف" ذہنیت کی ایک سنگین مثال ہے۔

راہل گاندھی نے اپنی پریس کانفرنس میں کوئی نئی بات نہیں کہی بلکہ وہی سوال اٹھایا جو خود کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے پارلیمنٹ میں پہلے ہی اٹھا چکے تھے کہ 'ناپاکی دور کرنے کے لئے پوجا' کے اس عمل نے انہیں اچھوت کے ڈنک کا احساس دلایا اور ان کی تذلیل کی۔ بی جے پی حکومت نے اس جرم کا ارتکاب کرنے والوں پر ایف آئی آر درج کرکے دلت وقار بحال کرنے کے بجائے خود راہل گاندھی کو گھیرنے کی مذموم کوشش کردی۔ جواہر نگر کے رہنے والے شری رام سینا دھرمارتھ سیوا نیاس کے رکن امت کمار ہلدوانی پولیس اسٹیشن میں اپنی شکایت درج کروانے پہنچ گئے اور دعویٰ کیا کہ وہ "رسم اور صفائی مہم" کے دوران موجود تھے اور 29 اگست کو دہلی میں ایک پریس کانفرنس میں راہل گاندھی نے رسم سے وابستہ افراد کو "اچھوت" اور "دلت مخالف" کے طور پر پیش کرکے ان کی کمیونٹی کے جذبات کو ٹھیس پہنچایا ہے۔ الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے کی مصداق اس مثال میں امیت کمار نے دعویٰ کیا تھا کہ وہ خود درج فہرست ذات برادری سے تعلق رکھتا ہے۔ اس مذہبی رسم میں جس کا کھڑگے کی ذات سے "کوئی تعلق" نہیں تھا، سماج کے مختلف طبقات بشمول درج فہرست ذات شامل تھے۔

مذکورہ بالا ایف آئی آر چونکہ سرکار کے ایماء پر درج کروائی گئی اس لیے اس میں بھارتیہ نیا سنہتا (بی این ایس) کی مختلف دفعات مثلاً گروہوں کے درمیان دشمنی کو فروغ دینے اور مذہبی جذبات کو مشتعل کرنے کے لیے جان بوجھ کر کی گئی کارروائیوں سمیت درج فہرست ذاتیں اور درج فہرست قبائل (مظالم کی روک تھام) ایکٹ 1989 کو بھی لاگو کیا گیا۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ ساحل نامی نوجوان کی ایف آئی آر درج کروانے کی خاطر راہل گاندھی کو دہلی میں ۶/ گھنٹے دھرنا دینا پڑا جبکہ اس کے جسم میں پیلیٹ گن کے چھرے موجود تھے مگر امیت کمار کا کام ایک منٹ میں ہوگیا۔ یہ دراصل بی جے پی-آر ایس ایس کے ذریعہ راہل گاندھی کو خوفزدہ کرنے کی مذموم کوشش تھی مگر وہ بھول گئے کہ گاندھی خاندان ایف آئی آر یا طاقت کے دباؤ سے ڈرنے والوں میں نہیں ہے۔ راہل گاندھی پہلے تو مودی سرکار کو ساحل کی ایف آئی درج کرنے پر مجبور کیا اس کے بعد ۵/ ستمبر کو بنگلورو کی ودھان سودھا پولیس نے اتراکھنڈ بی جے پی کے صدر مہندر بھٹ اور پارٹی کے دیگر اراکین کے خلاف زیرو ایف آئی آر درج کرلی۔

۸/ ستمبر کو کانگریس کے تقریباً 20 ایس سی/ ایس ٹی ارکان پارلیمنٹ اور دیگر رہنماؤں نے نئی دہلی کے پارلیمنٹ اسٹریٹ تھانے پہنچ کر 'شری رام دھرمارتھ سیوا نیاس' کے صدر گریش چندر پانڈے اور 15 دیگر افراد کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ کیا مگر امیت شاہ کی پولیس نے ایف آئی آر درج کرنے سے انکار کردیا۔ اس طرح اتراکھنڈ سرکار پر دباؤ اتنا بڑھ گیا کہ اس نے زچ ہو کر کانگریس کارکن انجو کی تحریری شکایت پر ہلدوانی تھانہ میں نامعلوم افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی۔ اس میں نامعلوم کیا ہے؟ سارے لوگوں کی ویڈیوز ذرائع ابلاغ میں پھیلی ہوئی ہیں اور ان کی حمایت کرنے والوں بیانات موجود ہیں خیر پولیس نے یہ معاملہ بی این ایس کی دفعہ 196، 299 اور ایس سی/ ایس ٹی ایکٹ کی دفعہ 3(1) (آر) کے درج کیا ہے۔ بی جے پی کی ڈھیٹ سرکار سے معمولی ایف آئی آر درج کروانے کے لیے ریاست بھر سے 80 لوگوں کو شکایت کرنی پڑی۔ ان میں 19 نینی تال ضلع سے تھیں۔ اس حکومت کو اگر یہ کرنا ہی تھا تو پہلے ہی کر دیتے لیکن یہ لاتوں کے بھوت ہیں اس لیے ان کی سمجھ میں بات جلدی نہیں آتی۔ جب خوب بے عزتی ہوجاتی ہے تو عقل ٹھکانے آتی ہے۔ ملک کے عوام نے طے کرلیا ہے کہ اقتدار سے بے دخل کرنے سے قبل ان کا دماغ جوتوں سے درست کرکے بھیجیں گے۔

# سوشل میڈیا کی اسکرین پر نئی نسل کا ذہن کون بنا رہا ہے؟

ڈاکٹر محمد سعید اللہ ندوی



آج کی دنیا میں بچے اور نوجوان صرف کتاب، استاد، گھر اور محلے سے تربیت حاصل نہیں کر رہے۔ ان کی شخصیت سازی کا ایک بڑا حصہ اسکرین کے اس پار ہو رہا ہے، جہاں معلومات، تصاویر، ویڈیوز، تبصرے، رجحانات اور الگورتھم مسلسل ان کے سامنے ایک ایسی دنیا تشکیل دیتے ہیں جو بظاہر بے ترتیب دکھائی دیتی ہے، مگر درحقیقت انسانی توجہ کو مخصوص سمتوں میں لے جانے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہے۔ اسی لیے سوشل میڈیا کو محض تفریح، رابطے یا معلومات کا ذریعہ سمجھنا اب کافی نہیں۔ یہ نئی نسل کے ذہن، ذوق، زبان، ترجیحات، تعلقات اور حتیٰ کہ کامیابی کے تصور کو بھی متاثر کرنے والا ایک خاموش تعلیمی نظام بن چکا ہے۔

اس تبدیلی کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ نئی نسل سوشل میڈیا کو استعمال ہی نہیں کرتی، سوشل میڈیا بھی اسے استعمال کرتا ہے۔ پلیٹ فارم ہماری پسند، توقف، کلک، تلاش اور ردعمل کو پڑھ کر اگلی چیز سامنے لاتے ہیں۔ یوں نوجوان کو وہی چیز بار بار دکھائی جانے لگتی ہے جس پر وہ زیادہ دیر ٹھہرتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ معلومات کا انتخاب ہمیشہ شعوری نہیں رہتا؛ ایک غیر محسوس الگورتھمی عمل آہستہ آہستہ یہ طے کرنے لگتا ہے کہ نوجوان کیا دیکھے، کس پر حیران ہو، کس سے متاثر ہو اور کس مسئلے پر غصہ کرے۔ یہ صورت حال روایتی تعلیم سے مختلف ہے، کیونکہ یہاں نصاب کسی کتاب میں نہیں بلکہ مسلسل بدلتی ہوئی اسکرین پر موجود ہے۔

ہمیں اس مسئلے کو صرف اخلاقی خرابی یا موبائل کی زیادتی کہہ کر ختم نہیں کر دینا چاہیے۔ اصل سوال یہ ہے کہ ہم نے نئی نسل کو معلومات کے سمندر میں تیرنے کا ہنر دیا بھی ہے یا نہیں۔ ایک طالب علم اگر خبر اور افواہ میں فرق نہ کر سکے، رائے اور حقیقت کو ایک سمجھ لے، خوب صورت تصویر کو کامیاب زندگی کا ثبوت تصور کرے اور مقبولیت کو سچائی کا پیمانہ بنا لے تو مسئلہ صرف سوشل میڈیا کا نہیں، تعلیمی تربیت کی کمی کا بھی ہے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ اسکول اور جامعات میں ڈیجیٹل خواندگی کو محض کمپیوٹر چلانے کی مہارت نہ سمجھا جائے بلکہ اسے تنقیدی شعور، ذرائع کی جانچ، رازداری، ذمہ دارانہ اظہار اور ذہنی خود مختاری سے جوڑا جائے۔

سوشل میڈیا نے علم تک رسائی کو غیر معمولی طور پر آسان بھی بنایا ہے۔ ایک طالب علم دنیا کے بڑے تعلیمی اداروں کے لیکچر سن سکتا ہے، کسی زبان کے ماہر سے سیکھ سکتا ہے، تحقیقی مواد تک پہنچ سکتا ہے اور اپنے گھر سے ہزاروں میل دور موجود علمی حلقوں سے جڑ سکتا ہے۔ ایک استاد اپنی کلاس کو کتاب کی حدود سے باہر لے جاسکتا ہے۔ کسی مشکل تصور کی وضاحت ویڈیو، نقشے، تجربے یا متحرک مثال سے کی جا سکتی ہے۔ مسئلہ ذریعہ نہیں، استعمال کا فلسفہ ہے۔ وہی پلیٹ فارم جو ذہن کو بلند کرسکتا ہے، اگر بے مقصد استعمال ہو تو توجہ کو ٹکڑوں میں تقسیم کر دیتا ہے۔

نئی نسل کے ذہنی ڈھانچے پر اس کا ایک گہرا اثر توجہ کے دورانیے میں تبدیلی کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ مختصر ویڈیوز اور تیز رفتار مواد نوجوان کو مسلسل نئی تحریک کا عادی بنا سکتے ہیں۔ کتاب کا ایک صفحہ، طویل مضمون یا مشکل علمی بحث ابتدا میں اسے سست محسوس ہوسکتی ہے، کیونکہ اسکرین نے اسے فوری تبدیلی اور فوری انعام کا عادی بنا دیا ہے۔ یہاں استاد کا کردار پہلے سے زیادہ اہم ہو جاتا ہے۔ استاد کو صرف معلومات فراہم کرنے والا نہیں بلکہ توجہ، صبر، سوال، مطالعہ اور گہری سوچ کی تربیت دینے والا رہنما بننا ہوگا۔ نوجوان کو یہ سکھانا ہوگا کہ ہر دلچسپ چیز اہم نہیں ہوتی اور ہر اہم چیز فوری طور پر دلچسپ بھی نہیں ہوتی۔

ایک اور خاموش تبدیلی خود شناسی کے میدان میں رونما ہو رہی ہے۔ سوشل میڈیا پر نوجوان مسلسل دوسروں کی زندگیوں کے منتخب مناظر دیکھتا ہے۔ کامیابیاں دکھائی جاتی ہیں، ناکامیاں کم دکھائی دیتی ہیں؛ خوشیاں نمایاں ہوتی ہیں، تنہائی چھپ جاتی ہے؛ سفر، لباس، تقریبات اور کامیابیوں کی تصاویر سامنے آتی ہیں، مگر ان کے پیچھے موجود محنت، قرض، اضطراب یا خاندانی مشکلات نظر نہیں آتیں۔ اس طرح ایک مصنوعی معیارِ زندگی تشکیل پاتا ہے جس سے نوجوان اپنی حقیقی زندگی کا موازنہ کرنے لگتا ہے۔ نتیجتاً وہ اپنی قدر کو کردار، علم اور خدمت کے بجائے لائکس، فالوورز، ظاہری مقبولیت اور دوسروں کی منظوری سے ناپنے لگتا ہے۔

یہاں گھر کا کردار فیصلہ کن ہے۔ بچوں کو صرف یہ کہنا کہ موبائل چھوڑ دو، عملی تربیت نہیں۔ اگر گھر میں ہر خاموش لمحہ فون سے پُر ہو، کھانے کی میز پر گفتگو کے بجائے اسکرین موجود ہو اور والدین خود مسلسل موبائل میں مصروف رہیں تو بچوں سے مختلف طرزِ عمل کی توقع کم مؤثر ہوگی۔ گھر کو ڈیجیٹل نظم و ضبط کی زندہ مثال بننا ہوگا۔ مخصوص اوقات میں فون سے فاصلہ، مشترکہ مطالعہ، آمنے سامنے گفتگو، کھیل، عبادت، تخلیقی سرگرمیاں اور خاندانی نشستیں نوجوان کو یہ احساس دلاتی ہیں کہ حقیقی زندگی کی معنویت اسکرین کے باہر بھی موجود ہے۔

تعلیمی اداروں کو بھی اپنی حکمت عملی بدلنے کی ضرورت ہے۔ نوجوان کو ٹیکنالوجی سے دور کرنا نہ ممکن ہے اور نہ ضروری۔ اصل ضرورت یہ ہے کہ اسے ٹیکنالوجی کا باشعور صارف بنایا جائے۔ کلاس میں طلبہ سے کسی وائرل دعوے کی حقیقت جانچنے، مختلف ذرائع کا تقابل کرنے، مصنوعی طور پر تیار شدہ مواد پہچاننے، کسی پوسٹ کے جذباتی اثر کا تجزیہ کرنے اور اپنی ڈیجیٹل شناخت کے نتائج پر گفتگو کرائی جاسکتی ہے۔ اس طریقے سے سوشل میڈیا دشمن نہیں رہتا بلکہ ایک ایسا تعلیمی متن بن جاتا ہے جسے پڑھنا، سمجھنا اور تنقید کے ساتھ استعمال کرنا سکھایا جاسکتا ہے۔

زبان بھی اس تبدیلی سے متاثر ہو رہی ہے۔ مختصر پیغامات نے اظہار کو آسان بنایا ہے، مگر بعض اوقات خیال کی پیچیدگی کو بھی کم کر دیا ہے۔ نوجوان جلدی جواب دینے، مختصر ردعمل دینے اور فوری رائے قائم کرنے کا عادی ہو سکتا ہے۔ حالاں کہ علمی زندگی میں بعض سوالات کے جواب چند سیکنڈ میں نہیں ملتے۔ تحقیق، فلسفہ، ادب اور تاریخ انسان سے ٹھہراؤ کا تقاضا کرتے ہیں۔ اس لیے نئی نسل کے لیے مطالعہ محض امتحان کی تیاری نہیں بلکہ ذہنی گہرائی کی مشق بننا چاہیے۔ جو معاشرہ اپنی نئی نسل کو طویل متن پڑھنے، خاموشی میں سوچنے اور اختلاف کو برداشت کرنے کی تربیت نہیں دیتا، وہ معلومات کے باوجود فکری کمزوری کا شکار ہوسکتا ہے۔

سوشل میڈیا کا اثر نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ نوجوان واقعے کو پس منظر کے ساتھ سمجھنے کے بجائے ایک کلپ یا تصویر کی بنیاد پر رائے قائم کرلیتا ہے۔ اشتعال انگیز مواد تیزی سے توجہ حاصل کرتا ہے، جبکہ متوازن گفتگو پرکشش دکھائی دے سکتی ہے۔ اس ماحول میں تقسیم اور بدگمانی بڑھ سکتی ہے۔ تعلیم کا مقصد رائے مسلط کرنا نہیں، بلکہ دلیل سننے، ثبوت مانگنے اور اختلاف کے باوجود نقط؟ نظر کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔

بالآخر نئی نسل کی ذہنی تشکیل کا فیصلہ صرف سوشل میڈیا نہیں کرے گا، اس فیصلے میں گھر، مدرسہ، اسکول، جامعہ، استاد، والدین، معاشرہ اور خود نوجوان سب شریک ہیں۔ ہمیں ایسی نسل درکار ہے جو اسکرین دیکھے مگر اسکرین کی بنائی ہوئی دنیا کو حقیقت کا آخری معیار نہ سمجھے؛ جو معلومات حاصل کرے مگر ہر معلومات کو علم نہ سمجھے، جو اختلاف کرے مگر نفرت نہ کرے، جو ٹیکنالوجی استعمال کرے مگر اپنی توجہ، وقت اور ضمیر کو اس کے حوالے نہ کرے۔ مستقبل کا اصل معرکہ موبائل چھیننے یا موبائل دینے کا نہیں، ذہنی خود مختاری بچانے کا ہے۔ اگر ہم نے نوجوان کو صرف ڈیجیٹل مہارت دی اور فکری بصیرت نہ دی تو وہ دنیا سے جڑ کر بھی اپنے اندر سے کٹ سکتا ہے؛ لیکن اگر ہم نے اسے علم کے ساتھ شعور، آزادی کے ساتھ ذمہ داری، اظہار کے ساتھ تہذیب اور رفتار کے ساتھ ٹھہراؤ سکھا دیا تو یہی سوشل میڈیا ایک منتشر ذہن بنانے کے بجائے ایک باشعور، تخلیقی اور ذمہ دار نسل کی تعمیر کا وسیلہ بن سکتا ہے۔

ناظم جامعۃ الحسنات دوبگا، لکھنؤ
رابطہ نمبر 8175818019

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر وایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55 بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

